Alberta

نیوز ریلیز

مزید البرٹنز کو تیزی سے حفاظتی ٹیکے لگانا

03 مارچ، 2021ء

البرٹا کووِڈ-19 ویکسین کی پہلی اور دوسری خوراکوں کے درمیان مُدّت کو بڑھا رہا ہے۔

10مارچ سے، جو بھی شخص ویکسین کی پہلی خوراک کیلئے بُک کرواتا ہے اس کی دوسری خوراک کی ٹائم لائن چار ماہ تک بڑھا دی جاتی ہے، اور اس کیلئے اپوائنٹمینٹ بعد کی تاریخ کو مقرر کی جائے گی۔

ابھرتے ہوئے شواہد سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس وقت منظور شدہ تمام ویکسینوں کی خوراکوں میں پہلی ہی خوراک لگانے کے بعد شدید نتائج سے بچانے میں کم ازکم 80 فیصد مؤثر ثابت ہوتی ہے۔

دوسری خوراکوں کیلئے 16 ہفتوں کی ٹائم لائن البرٹا کو برٹش کولمبیا اور دیگر عملداریوں کی صف میں لاتی ہے۔

بشرطیکہ وفاقی حکومت کی پیش گوئی کے مطابق ویکسین کی فراہمی پہنچتی رہے، ہم جتنا جلد سے جلد اور محفوظ طریقے سے ممکن ہو سکا البرٹنز کو خوراکیں پہنچانا جاری رکھیں گے۔

"ہم ہر البرٹن کی حفاظت کیلئے دستیاب بہترین شواہد پر عمل کر رہے ہیں۔ یہ تبدیلی ہزاروں البرٹنز کو جلد از جلد اپنی ویکسین لگوانے کے قابل بنائے گی جبکہ اب بھی اس بات کو یقینی بنائے گی کہ ہر ایک کو دوسری خوراک کا تحفظ ملے گا۔ جتنی تیزی سے ہم البرٹنز کو ویکسین پیش کر سکتے ہیں، اتنا ہی جلد ہم صوبے بھر میں زیادہ سے زیادہ پابندیوں کو محفوظ طریقے سے کم کرنے کے اہل ہوں گے۔"

— *ٹائلر شینڈرو (Tyler Shandro)، وزیرِ صحت*

"کووِڈ-19 کے ثبوت مسلسل مرتب ہو رہے ہیں۔ ہم نے دوسری عملداریوں میں کی گئی تحقیق میں دیکھا ہے کہ موڈرنہ (Moderna) یا فائزر (Pfizer) ویکسین کی ایک خوراک قوت مدافعت کو زبردست طریقے سے بڑھاتی ہے، جو کم ازکم 80 فیصد تحفظ ہے۔ ہم البرٹنز کو بہترین طریقے سے تحفظ دینے کیلئے اپنے حفاظتی ٹیکوں کے منصوبے کو ایڈجسٹ کرتے رہیں گے، جو حقیقی وقت کی تحقیق کی عکاسی کرتا ہے۔"

— *ڈاکٹر ڈینا ہِنشا (Dr. Deena Hinshaw)، چیف میڈیکل آفیسر آف ہیلتھ*

دوسری خوراکوں کی تمام موجودہ اپوائنٹمینٹوں کا احترام کیا جائے گا۔ جو کوئی بھی 10 مارچ سے پہلے اپنی پہلی خوراک لگوائے گا اسے 42 دنوں کے اندر اندر اس کی دوسری خوراک مِل جائے گی۔

10 مارچ سے، اہل البرٹنز صرف پہلی خوراک کی اپوائنٹمینٹ بک کریں گے۔ وہ بعد کی تاریخ میں اے ایچ ایس یا حصہ لینے والی فارمیسی کی طرف سے دوسری خوراک کی اپوائنٹمینٹ بک کروانے کی یاد دہانی وصول کریں گے۔

1946ء یا اس سے پہلے پیدا ہونے والے البرٹنز کیلگری، ایڈمنٹن یا ریڈ ڈیئر میں حصہ لینے والی فارمیسی کے ذریعے اپوائنٹمینٹ بک کروا سکتے ہیں۔ وہ البرٹا ہیلتھ سروسز کے ذریعے آن لائن یا 811 پر کال کرکے بھی اپوائنٹمینٹ بک کروا سکتے ہیں۔

البرٹا کی حکومت خط منحنی کو موڑنے کیلئے، چھوٹے کاروباروں کو برقرار رکھنے اور البرٹا کی صحت کی نگہداشت کے نظام کی حفاظت کیلئے درست اقدامات کے ذریعے زندگیوں اور ذرائع معاش کا تحفظ کرتے ہوئے کووِڈ-19 وبائی مرض کا جواب دے رہی ہے۔

فوری حقائق

- آج تک، البرٹا میں کووِڈ-19 ویکسین کی 255,283 خوراکیں دی جا چکی ہیں۔
- 89,094 البرٹنز کو کووِڈ-19 ویکسین کی دو خوراکوں کے مکمل حفاظتی ٹیکے لگائے گئے ہیں۔
- البرٹا کی ویکسین کی فراہمی کے آئندہ مراحل کے بارے میں مزید معلومات آنے والے ہفتوں میں جاری کر دی جائیں گی۔

متعلقہ معلومات

- کووِڈ-19 ویکسین کا پروگرام

میڈیا انکوائریز

اسٹیو بیوئیک (Steve Buick)
780-288-1735
پریس سیکریٹری، ہیلتھ

ٹام میکملن (Tom McMillan)
780-422-4905
اسسٹینٹ ڈائریکٹر آف کمیونیکیشنز، ہیلتھ

مزید سرکاری ترجمہ شدہ وسائل کیلئے، براہِ کرم ملاحظہ کریں: *https://www.alberta.ca/covid-19-translated-resources.aspx.*